**10.04.2026**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ................ حبیب الرحمٰن

**Music**

---

☆ بہار کے وزیر اعلیٰ نتیش کمار نے راجیہ سبھا کے رکن کے طور پر حلف لیا ہے۔
☆ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے راجیہ سبھا کے سابق نائب چیئرمین، ہری ونش کو راجیہ سبھا کی رکنیت کیلئے ایک بار پھر نامزد کیا ہے۔
☆ جسٹس یشونت ورما نے اپنے مواخذے کی کارروائی کے دوران، الہ آباد ہائی کورٹ کے جج کے طور پر اپنا استعفیٰ پیش کردیا ہے۔
☆ نائب صدر جمہوریہ سی-پی-رادھا کرشنن نے نئی دِلی میں بھارتی آئین کا تازہ ترین سندھی ترجمہ جاری کیا ہے۔
☆ اور ......IPL کرکٹ میں آج شام گواہاٹی میں راجستھان رائلس کا مقابلہ رائل چیلنجرس بنگلورو سے ہوگا۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**Nitish - Rajya Sabha**

بہار کے وزیر اعلیٰ نتیش کمار نے آج راجیہ سبھا کے رکن کے طور پر حلف لیا۔ نائب صدر جمہوریہ اور راجیہ سبھا کے چیئرمین سی-پی رادھا کرشنن نے پارلیمنٹ ہاؤس میں نتیش کمار کو عہدے کا حلف دلایا۔ اس موقعے پر راجیہ سبھا میں ایوان کے لیڈر جے پی نڈّا، وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن، ماہی پروری، مویشی پروری اور دودھ نیز دودھ سے بنی مصنوعات کے شعبے کے وزیر راجیو رنجن، پارلیمانی امور کے وزیر مملکت ارجن رام میگھوال، کانگریس لیڈر جے رام رمیش، بہار کے نائب وزیر اعلیٰ سمراٹ چودھری بھی موجود تھے۔×

**Prez Harivansh**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے ایوان بالا کے سابق ڈپٹی چیئرمین Harivansh کو راجیہ سبھا کے ایک رکن کے طور پر نامزد کیا ہے۔ ایوان بالا کے ایک رکن کے طور پر Harivansh کی مدّت کل ختم ہو گئی تھی۔ انہیں بھارت کے سابق چیف

جسٹس رنجن گوگوئی کے ریٹائر ہونے کے بعد خالی ہوئی جگہ پر راجیہ سبھا کے ایک رکن کی حیثیت سے نامزد کیا گیا ہے۔ امور داخلہ کی وزارت نے آج اس سلسلے میں ایک نوٹیفکیشن جاری کیا۔×

**Jaishankar Maritius**

وزیر خارجہ ایس جے شنکر نے کہا ہے کہ بھارت، ماریشس کو تیل اور گیس کی سپلائی کیلئے ایک سمجھوتے کو حتمی شکل دے رہا ہے تاکہ مغربی ایشیاء بحران کے دوران، اس کی توانائی کی یقینی فراہمی کو مستحکم کیا جا سکے۔ ڈاکٹر جے شنکر Port Louis میں کہا کہ مغربی ایشیاء میں جاری بحران کے سبب اسٹریٹیجک ساجھیداریوں خاص طور پر توانائی کے شعبے میں ساجھیداریوں کی اہمیت نمایاں ہوتی ہے۔ وزیر خارجہ نے کہا کہ انہیں یہ جان کر بھی خوشی ہوئی ہے کہ بھارت کا ایک سرکاری ملکیت کا کاروباری ادارہ، شمسی توانائی سے متعلق ملک کا پہلا تیرتا ہوا پروجیکٹ تعمیر کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا بھارت اور ماریشس کے درمیان، آب و ہوا کیلئے سازگار توانائی اور ماحول دوست طریقۂ کار میں ایک وسیع تر اور فعال ساجھیداری قائم ہے۔
وزارتِ خارجہ نے کہا کہ وزیر موصوف، ماریشس کو E-Buses کی آخری کھیپ سپرد کرنے کے بھی متمنی ہیں، تاکہ آب و ہوا کیلئے سازگار سرکاری ٹرانسپورٹ نظام کو مستحکم بنایا جا سکے اور کاربن کے اخراج میں تخفیف کی جا سکے۔×

**Kash Patel Misri Meet**

خارجہ سکریٹری وِکرم مسری نے کل واشنگٹن میں امریکہ کی سیکیورٹی ایجنسی FBI کے ڈائریکٹر کے ساتھ ایک میٹنگ میں انسدادِ دہشت گردی، نشہ آور اشیاء اور منظم جرائم کے شعبوں میں تعاون پر تبادلۂ خیال کیا۔ امریکہ میں بھارتی سفارتخانے نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر یہ بات بتائی۔ جناب مسری، امریکہ کے تین روزہ دورے پر ہیں، جہاں انہوں نے وزیر خارجہ Marco Rubio سمیت امریکہ کے بہت سے اعلیٰ عہدیداروں کے ساتھ ملاقات کی۔ اُن کا یہ دورہ امریکہ کے ایران کے ساتھ جنگ بندی پر رضامند ہو جانے کے بعد ہو رہا ہے۔×

**Justice Yashwant Verma**

الٰہ آباد ہائی کورٹ کے جج جسٹس یشونت ورما نے آج اپنا استعفیٰ صدرجمہوریہ دروپدی مرمو کو پیش کردیا۔ جسٹس ورما کو اُن کی رہائش گاہ پر جلے ہوئے کرنسی نوٹوں کا ڈھیر پائے جانے کے بعد مواخذے کی کارروائی کا سامنا ہے۔
جسٹس ورما کا اِس واقعے کے بعد پچھلے سال، دِلی ہائی کورٹ سے الٰہ آباد ہائی کورٹ تبادلہ کردیا گیا تھا۔×

**Constitution Sindhi Langage**

نائب صدر جمہوریہ سی-پی-رادھاکرشنن نے آج بھارت کے آئین کا سندھی زبان میں، تازہ ترین ترجمہ جاری کیا۔ اِس موقع پر جناب رادھاکرشنن نے کہا کہ سندھی قدیم ترین اور موسیقیت سے لبریز زبانوں میں سے ایک ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ بھارت کی آزادی کے بعد سے اب تک پہلی بار بھارت کے آئین کا سندھی ترجمہ دیوناگری رسم الخط میں جاری کیا گیا ہے۔
نائب صدر جمہوریہ نے کہا کہ وزیراعظم نریندر مودی نے اِس مقدس دستاویز کو مختلف زبانوں میں دستیاب کرانے کیلئے خصوصی

کوششیں کی ہیں۔ اُنہوں نے یہ بھی کہا کہ یہ کسی بھی زبان سے قطعہ نظر ہر شہری کیلئے اِس یقین دہانی کی جانب ایک اہم قدم ہے کہ وہ ملک کی اقدار کو پوری طرح سمجھ اور اپنا سکتا ہے۔
جناب رادھا کرشنن نے کہا کہ جب شہری، آئین کو اپنی زبان میں پڑھ اور سمجھ سکتے ہوں، تو حکمرانی اور عوام کے درمیان فرق بہت کم رہ جاتا ہے۔

**Byte: C.P.Radhakrishnan**

اِس موقع پر قانون و انصاف کے وزیر ارجن رام میگھوال نے کہا کہ یہ تقریب محض لسانی ورثے کی تقریب نہیں ہے، بلکہ یہ ملک کے اتحاد اور ثقافتی تنوع کے تئیں اِس کے عزم کا ثبوت بھی ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ جب آئین سبھی زبانوں میں دستیاب ہوجاتا ہے، تو عام لوگ بھی اِسے پڑھ سکتے ہیں اور اپنے حقوق سمجھ سکتے ہیں۔

**Byte: Arjun Ram Meghwal**

## VP - Morarji Desai

نائب صدر جمہوریہ سی-پی رادھا کرشنن نے آج اُپ-راشٹرپتی بھون میں سابق وزیر اعظم مرارجی دیسائی کے یومِ وفات کے موقعے پر انہیں گلہائے عقیدت نذر کیے۔×

## Census Self Enumeration

2027 کی رائے شماری کے پہلے مرحلے کے دوران ابھی تک پانچ لاکھ 72 ہزار سے زیادہ گھروں نے خودشماری کی سہولت حاصل کی ہے۔ بھارت کے رجسٹرار جنرل نے کہا کہ اِس سے 2027 کی رائے شماری کیلئے ڈیجیٹل پہل میں عوامی حصے داری میں اضافے کا اظہار ہوتا ہے۔ رائے شماری کا یہ پہلا مرحلہ یکم اپریل کو شروع ہوا تھا اور خود شماری کی یہ سہولت اِس مہینے کی 15 تاریخ تک دستیاب رہے گی۔ یہ سہولت فی الحال گیارہ ریاستوں اور مرکز کے زیرانتظام علاقوں میں دستیاب ہے، جن میں گوا، کرناٹک، میزورم، اوڈیشہ، سکم، انڈمان اور نیکوبار جزائر، لکشدیپ، NDMC علاقہ اور قومی راجدھانی کا دِلی چھاؤنی بورڈ شامل ہے۔
مکانات کی فہرست تیار کرنے اور ان کی گنتی کا کام 16 اپریل کو شروع ہوگا، جو 15 مئی تک جاری رہے گا۔
مکانات کی فہرست تیار کرنے کے کام میں سبھی عمارتوں اور ڈھانچوں کو شامل کیا جائے گا۔ مکانات کی حالت، اِن میں دستیاب سہولتوں اور اثاثوں کے بارے میں جانکاری اکٹھا کی جائے گی۔
اِس کام کا دوسرا مرحلہ اگلے سال فروری میں شروع ہوگا، جس کے تحت لوگوں کی گنتی کی جائے گی۔ اِس میں انفرادی سطح کے اعدادوشمار یکجا کئے جائیں گے، جس میں عمر، صنف، پیشہ، خواندگی اور ذات سے متعلق تفصیلات شامل ہوں گی۔×

## SC Caste Census

سپریم کورٹ نے آج ایک درخواست کو مسترد کردیا ہے، جس میں مرکز کو یہ ہدایت دینے کیلئے کہا گیا تھا کہ وہ ذات کی بنیاد پر رائے شماری کا کام روک دے۔ چیف جسٹس سوریہ کانت، جسٹس جوائے مالا باگچی اور وِپُل ایم-پنچولی پر مشتمل بنچ نے اِس

درخواست کو نامنظور کردیا۔ اِس درخواست میں مرکز کو یہ ہدایت دینے کیلئے بھی کہا گیا تھا کہ وہ ایسے کنبوں کو مالی ترغیبات فراہم کرے، جس میں محض ایک بچہ ہو۔

دو فروری کو عدالت عظمیٰ نے مفادِ عامہ کی ایک اور درخواست پر سماعت کرنے سے انکار کردیا تھا، جس میں 2027 کی عام رائے شماری میں شہریوں کے، ذات سے متعلق اعدادوشمار کو ریکارڈ کرنے، اِن کی درجہ بندی کرنے اور اِن کی تصدیق کرنے کیلئے اختیار کئے جانے والے طریقِ کار پر سوال اٹھایا گیا تھا۔

2027 کی رائے شماری، سولہویں قومی رائے شماری ہوگی، جس میں 1931 کے بعد سے اب تک پہلی بار ذات کی بنیاد پر جامع طور پر گنتی کی جائے گی اور یہ رائے شماری ملک کی پہلی ڈیجیٹل رائے شماری ہوگی۔×

## IPL Cricket

IPL کرکٹ میں، آج ACA اسٹیڈئم میں راجستھان رائلس کا مقابلہ رائل چیلینجرس بنگلورو سے ہوگا۔ یہ میچ شام ساڑھے سات بجے شروع ہوگا۔

اس سے پہلے کل رات کولکاتہ کے ایڈن گارڈنز میں لکھنؤ سُپر جائنٹس نے ایک انتہائی سنسنی خیز میچ میں کولکاتہ نائٹ رائڈرس کو تین وکٹ سے ہرایا تھا۔

بلّے بازی کیلئے بلائے جانے پر کولکاتہ نائٹ رائڈرس نے مقررہ بیس اوورس میں چار وکٹ کے نقصان پر 181 رن بنائے تھے۔ جیت کیلئے درکار 182 رن کے نشانے کیلئے کھیلتے ہوئے،لکھنؤ سُپر جائنٹس نے میچ کی آخری گیند پر یہ جیت حاصل کی۔×

## IMD-Weather

بھارتی محکمۂ موسمیات IMD نے جموں و کشمیر میں کل تک گرج چمک، بجلی اور تیز ہواؤں کے ساتھ بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ اس کے علاوہ آج اروناچل پردیش کیلئے شدید بارش کا امکان ظاہر کیا گیا ہے۔محکمۂ موسمیات کے مطابق آج آسام، میگھالیہ، اُڈیشہ، ذیلی ہمالیائی مغربی بنگال اور سکّم میں گرج چمک، بجلی اور تیز ہواؤں کے ساتھ بارش کا امکان ظاہر کیا ہے۔ اسی طرح اروناچل پردیش، کیرالہ، ماہے، ناگالینڈ، منی پور، میزورم، تریپورہ، رائل سیما، جنوبی کرناٹک کے اندرونی علاقے، تمل ناڈو، پڈوچیری اور کرائکل کے مختلف مقامات پر بھی گرج چمک اور بجلی کے ساتھ بارش کی پیشگوئی کی گئی ہے۔ اس کے علاوہ ساحلی آندھراپردیش، ساحلی کرناٹک، گوا، کونکن، پڈوچیری اور کرائکل میں آج گرم اور مرطوب موسم کا امکان ہے۔ ×

## India US Pax Silica

بھارت اور امریکہ Pax-Silica اور AI اور اہمیت کی حامل معدنیات سمیت وسیع تر اقتصادی نیز ٹیکنالوجی روابط کے تحت، اپنے اشتراک میں اضافہ کرنے پر رضامند ہو گئے ہیں۔ خارجہ سکریٹری وِکرم مِسری اور امریکہ کے اقتصادی امور کے نائب وزیر مملکت جیکب-ایس-Helberg کے درمیان تبادلۂ خیال کے دوران اس موضوع پر غور و خوض کیا گیا۔ بھارت فروری میں AI Impact Summit - کے موقعے پر Pax-Silica میں باضابطہ طور پر شامل ہوا تھا، جس سے ٹیکنالوجی کے شعبے میں بھارت اور امریکہ کے درمیان تعاون میں ایک اہم قدم کی عکاسی ہوتی ہے۔ Pax-Silica کے تحت، سپلائی چین کی سبھی

سطحوں پر کلیدی نوعیت کی ساجھیداریاں اور مربوط اقدام کیے جاتے ہیں۔
وِکرم مسری، امریکہ کے تین روزہ دورے پر ہیں، جہاں وہ خاص طور پر تجارت اور دفاع کے شعبوں کا جائزہ لیں گے۔×

## Russia Britain Sbmarine Activity

برطانیہ میں روس کے سفاتخانے نے شمال بحرِ اوقیانوس میں روس کی آبدوز کی سرگرمی کے بارے میں برطانیہ کے وزیر دفاع John Healey کے دعوے کو مسترد کر دیا اور کہا ہے کہ یہ دعویٰ نہ تو قابلِ اعتبار ہے اور نہ ہی اس کی کوئی تصدیق کی جا سکتی ہے۔
اس سے پہلے، جناب Healey نے کہا تھا کہ برطانیہ اور ناروے نے ایک ماہ طویل آپریشن کر کے شمالی بحرِ اوقیانوس میں زیر سمندر اہمیت کے حامل Cables اور پائپ لائنوں کے نزدیک روس کی آبدوزوں کا پتہ چلایا تھا۔
روس کے سفارتخانے نے کہا ہے کہ برطانیہ کیلئے اہمیت کے حامل زیر سمندر بنیادی ڈھانچے کو روس سے کوئی خطرہ نہیں ہے۔×

## Djibouti Presidential Elections

جبوتی میں آج صدارتی انتخابات کیلئے ووٹنگ ہو رہی ہے۔ صدر اسماعیل عمر Guelleh گزشتہ دو دہائیوں سے زائد عرصے سے تقریباً 10 لاکھ آبادی والے اس ملک پر حکومت کر رہے ہیں۔ 2021 کے انتخابات کے نتائج کے مطابق انہوں نے تقریباً 99 فیصد ووٹ حاصل کیے تھے۔ اس بار اُن کے مقابلے میں صرف ایک امیدوار محمد فرح ساتر ہیں، جو اِس قبل حکمراں جماعت کے رکن رہ چکے ہیں۔ اپوزیشن جماعتیں اکثر سیاسی آزادیوں پر پابندیوں کا حوالہ دیتے ہوئے انتخابات کا بائیکاٹ کرتی رہی ہیں۔
اسماعیل عمر نے 1999 میں اپنے چچا اور سابق صدر حسن گولید اَپتی دُون کی جگہ اقتدار سنبھالا تھا، جس کے ساتھ خاندانی طرز کی سیاست کا سلسلہ جاری ہے، جو دہائیوں سے ملک کی سیاست پر اثرانداز ہو رہا ہے۔×

☆☆☆☆